سوکس	نہم، لاہور بورڈ، 2022ء	پرچہ: I
وقت: 2.10 گھنٹے	(انشائیہ طرز)	کل نمبر: 60

(حصہ اول)

2- کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 12

(i) علم شہریت فرد کی سیاسی تربیت کیسے کرتا ہے؟ وضاحت کیجیے۔

(ii) پروفیسر پیٹرک گیڈیز نے کس طریقے سے علم شہریت کی تعریف بیان کی ہے؟ وضاحت کیجیے۔

(iii) علم شہریت انسان کی معاشرتی ترقی میں کیسے مددگار ثابت ہوتا ہے؟ واضح کیجیے۔

(iv) شہریت اور اخلاقیات میں کیا مماثلت ہے؟

(v) قرآن پاک میں انسان کی پیدائش کن الفاظ میں بیان ہوئی؟

(vi) فرد کی اہمیت بیان کیجیے۔

(vii) پروفیسر میک آئیور نے خاندان کے بارے میں کیا رائے دی ہے؟

(viii) جمہوریت کی کامیابی میں شہریت کا کردار بیان کیجیے۔

(ix) قوم اور قومیت میں کیا فرق ہے؟

3- کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 12

(i) روشن ضمیر ہونا ایک شہری کیلئے کیوں ضروری ہے؟ وضاحت کیجیے۔

(ii) ارسطو نے خاندان کی تعریف کن الفاظ میں بیان کی ہے؟

(iii) معاشرہ بچے کی نگہداشت اور حفاظت کیونکر کرتا ہے؟

(iv) حکومت میں عدلیہ کا کیا کردار ہے؟

(v) ضبط نفس سے کیا مراد ہے؟

(vi) اسلامی حکومت کے کوئی سے دو فرائض لکھیے۔

(vii) جزیہ سے کیا مراد ہے؟

(viii) ذرائع ابلاغ کے چند فوائد لکھیے۔

(ix) علم شہریت اور اخلاقیات میں کیا فرق ہے؟ آپ اس کو کیونکر بیان کریں گے؟

4- کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 12

(i) آمریت میں فوری فیصلے کیسے مددگار ثابت ہوتے ہیں؟ اس کی وضاحت کیجیے۔

(ii) ایک شہری اطاعت و وفاداری میں توازن کیسے قائم کر سکتا ہے؟ مثال سے واضح کیجیے۔

(iii) پاکستان میں اقلیتوں کی شناخت کو کیسے قائم رکھا گیا ہے؟ اس کی وضاحت کیجیے۔

(iv) اچھی شہریت پیدا کرنے میں تعلیم کا کیا کردار ہے؟ بیان کیجیے۔

(v) حق استرداد سے کیا مراد ہے؟

(vi) ذمی کسے کہتے ہیں؟

(vii) آمریت کی دو خامیاں بیان کیجیے۔

(viii) احساس ذمہ داری سے کیا مراد ہے؟

(ix) حکومت کا تیسرا اہم شعبہ کونسا ہے؟ اس کے کوئی سے دو فرائض لکھیے۔

حصہ دوم

نوٹ: کوئی سے تین سوالات کے جوابات لکھیے۔

5- شہری اور شہریت سے کیا مراد ہے؟ آپ شہری کے جدید اور قدیم تصور کی کیسے وضاحت کریں گے؟ 8

6- علم معاشیات سے کیا مراد ہے؟ شہریت اور معاشیات کا آپس میں گہرا تعلق ہے، آپ اس کی وضاحت کیونکر کریں گے؟ 8

7- خاندان کے فرائض تفصیل سے بیان کیجیے۔ 8

8- جمہوریت کیسی طرز حکومت ہے؟ اس کی خوبیاں اور خامیاں بیان کیجیے۔ 8

www.ilmkidunya.com